**سوال نمبر 1695**

**جناب اشبر جان جدون**
**ممبر صوبائی اسمبلی،خیبرپختونخوا**

کیا وزیرخزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

| سوال | جواب |
|---|---|
| صوبہ خیبر پختونخواکا مالی سال 25-2024 کا خسارہ کتنے ارب روپے تھا ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔ | مالی سال 25-2024کے دوران صوبہ خیبر پختونخوا کو کسی قسم کا مالی خسارہ درپیش نہیں تھا، بلکہ حکومت نے مالی نظم و ضبط، مؤثر منصوبہ بندی کی بدولت 178 ارب روپے کا فاضل (سرپلس) ظاہر کیا۔ اہم تفصیلات درج ذیل ہیں:<br><br>مالی تفصیلات:<br><br>• کل آمدن: 1,482.767 ارب روپے<br>• کل اخراجات: 1,477.736 ارب روپے<br>• فاضل (سرپلس): 5.031 ارب روپے<br><br>مزید واضح رہے کہ: 1,477.736 ارب روپے میں 150 ارب روپے رقم بھی شامل ہے جو کہ (DEBT MANAGEMENT FUND) میں سرمایہ کیا گیا ،مزید 23 ارب روپے جی پی آئی فنڈ پنشن فنڈ اور کے پی او جی سی ایل میں سرمایہ کاری کی گئی ہیں، یہ سرپلس مالیاتی لحاظ سے صوبے کی کارکردگی کا مظہر ہے اور ظاہر کرتا ہے کہ حکومت نے آمدنی و اخراجات میں مؤثر توازن قائم رکھا۔ مجموعی طور پر فاضل سرپلس 178 ارب روپے بنتا ہے |

CS CamScanner